urban advantage
science initiative

# خاندانی رہنمائی

2020-2021

urbanadvantagenyc.org

اپنے بچے کے ساتھ نیویارک شہر کے زو، میوزیم، بوٹانیکل گارڈن اور اکویریئم میں سائنسی تحقیق کرنے کا ایک مفت موقع۔



عزیزی اربن ایڈوانٹج فیملی،

مبارک ہو! آپ کے بچے کا اسکول اربن ایڈوانٹج میں حصہ لے رہا ہے جو ایک ولولہ انگیزاسکول سائنس آغازِکار ہے۔ یہ آپکے بچے کے لیے نیویارک شہر کے سائنس سے بھرپور ثقافتی اداروں سے تجربہ یافتہ ہونے اور اسکول سے باہر سائنسی تجربات میں سرگرم ہونے کا ایک بہترین موقع ہے۔ آپکے بچے کے ساتھ تمام خاندان کو شہر کے میوزیم، زو، بوٹانیکل گارڈن اور دی نیو یارک اکویریم سے لطف اندوز ہونے کا موقع ملے گا۔ یہ کتابچہ پروگرام کی وضاحت کرتا ہے اور یہ بیان کرتا ہے کہ آپکا خاندان کس طرح اربن ایڈوانٹج کے آٹھ سائنسی ثقافت سے مالا مال اداروں میں سے کسی میں بھی **مفت** داخلے کا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

**اربن ایڈوانٹج کیا ہے؟**

اربن ایڈوانٹج سائنسی تعلیم اور سائنسی تحقیقات کی اعانت کا ایک شہرپیما پروگرام ہے۔ اربن ایڈوانٹج اسکولوں، اساتذہ، طلبا اور خاندانوں کو سائنسی دریافتوں کے ولولے اور آٹھ ممتاز سائنس سے بھرپور ثقافتی اداروں میں دی جانے والی آموزش سے مربوط کرتا ہے۔

طلبا اور خاندانوں کے لیے مفت داخلے کی پیشکش کے علاوہ، اربن ایڈوانٹج سائنس کے اساتذہ کو نیویارک شہر کے سائنس سے بھرپور میوزیم، زو، بوٹانیکل گارڈن اور اکویریم کے وسائل کو سائنسی تحقیق کے لیے استعمال کے لیے تیار کرتا ہے، اور حصہ لینے والے اسکولوں کو طلبا کی اپنی کلاسوں اور گھر کے پروجیکٹس جاری رکھنے میں مدد کے لیے آلات اور سامان بھی فراہم کرتا ہے۔

**COVID-19 کی عالمی وبا سے نمٹنا**

اربن ایڈواٹیج اور ان کے شرکا ہمارے شرکت کنندگان کی صحت اور تحفظ کے لیے پابند عہد ہیں۔ ہمارے UA شرکا طلبا اور اہل، خانہ کے ارکان کے لیے سائنس پر مبنی ریموٹ تعلیم کو فروغ دینے کے لیے آپ کے اسکول کے جیسے اسکولوں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ اسکول اور اہلِ خانہ پلانٹ ٹریویا یا ویدھر بینگو جیسے تجربات سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں، جوکہ UA کے سائنس معلم کے مدد سے تفریح اور سائنس کے مشمولات کو آپ کے گھر تک پہنچا سکتے ہیں۔ ہمارے UA شرکا کے کئی اضافی آن لائن وسائل بھی ہیں بشمول برونکس زُو، نیو یارک اکویریم اور اسٹیٹن آئلینڈ زُو میں جانوروں کے براہِ راست کیمرے۔ ریموٹ تعلیم میں مدد کرنے کے لیے براہِ راست سرگرمیوں، ورچؤل دوروں اور دیگر ڈیجیٹل آلہ کار تلاش کرنے کے لیے UA کی ویب سائٹ https://www.urbanadvantagenyc.org/ua-remote-learning/، یو ٹیوب اور سوشل میڈیا ملاحظہ کریں۔ اس کے علاوہ، ذاتی طور پر موجودگی میں دوروں کے لیے UA طالبِ علم +3 واؤچر محدود مقدار میں دستیاب ہوں گے۔ مزید معلومات اور اپنے ذاتی طور پر موجودگی دوروں کے واؤچرز کو کیسے حاصل کیا جائے کے بارے میں معلومات کے لیے اپنے بچے کے UA سائنس استاد، یا اپنے والدین ربط دہندہ سے جانچ کریں۔

مقامی، ریاستی اور وفاق ایجنسیوں کی جانب سے تحقیق اور رہنما خطوط کو استعمال کر کے، ہمارے UA سائنس انسٹیٹیوٹ نے تحفظاتی طریق کار تخلیق کیے ہیں اور جگہوں میں تجدید کی ہے تاکہ اہلِ خانہ طالب علم +3 واؤچرز کو استعمال کر کے مقامات سے محفوظ انداز میں لطف اندوز ہوں۔ آپ ہر ایک مقام کے لیے موجودہ اوقات کار کے ساتھ جگہ محفوظ کرنے کی معلومات کو اس رہنمائی کے صفحہ 7-4 پر دیکھ سکتے ہیں۔

**ہم کن جگہوں پر جاسکتے ہیں؟ وہ کہاں پر ہیں؟**

پانچوں بروز میں واقع، آٹھ اربن ایڈوانٹج شرکا ادارے امیریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری، دی برونکس زو، بروکلن بوٹانیکل گارڈن، نیویارک اکویرئم، نیویارک بوٹانیکل گارڈن، نیویارک ہال آف سائنس، کوئنز بوٹانیکل گارڈن اور اسٹیٹن آئلینڈ زو ہیں۔ اس کتابچے میں، آپکو ہر ادارے کے لیے اوقات، رابطے اور داخلے کی تفصیلات اور اضافی اہم معلومات ملیں گی۔



.

**ہمارے اربن ایڈوانٹیج شرکا کس قسم کی چیزیں پیش کرتے ہیں؟**

نیویارک کے عالمی معیار کے ثقافتی ادارے دیکھنے، لطف اندوز ہونے اور سائنسی تعلیم کے لیے بہترین جگہیں ہیں۔ مثال کے طور پر:

- طبعیات کی سائنس کی تفتیش کے لیے نیویارک ہال آف سائنس میں ایک دیو قامت 3 ابعادی مکڑی کے جالے پر چڑھیں یا بیرونی سائنس کھیل کے میدان میں سلائڈز پر پھسلیں۔
- نیویارک بوٹانیکل گارڈن کی کنزرویٹوری میں دنیا کا "ایکو ٹور" کریں یا 250 ایکڑ کے قدیم فطری جنگل کی تفتیش کریں۔
- اسٹیٹن آئلینڈ زو کے ریپٹائل ونگ میں رینگنے والے اور بر بحری جانوروں کی سلطنت کی چھان بین کریں یا بندروں، چمگادڑوں اور پرندوں کا مشاہدہ کرنے کے لیے ٹراپیکل فاریسٹ میں گھومیں۔ مویشی خانے میں گھومیں اور جانوروں کو خود چارہ ڈالیں!
- کوئنز بوٹانیکل گارڈن کا نیا "گرین" وزیٹر اینڈ ایڈمنسٹریشن سینٹر کس طرح اسہی سائز کی روایتی عمارت کی نسبت %40 کم توانائی اور %80 کم پانی استعمال کرتا ہے؟ اسکے جواب اور بھی بہت کچھ کے لیے QBG جائیں۔
- اگر آپکا بچہ پتھروں اور سیاروں کو پسند کرتا ہے یا یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ بیرونی خلا میں نیا کیا ہے، **امیریکن** میوزیم آف نیچرل ہسٹری جائیں۔
- چھوٹے بونسائی پودوں سے لے کر اونچے میپل درختوں تک، بروکلن بوٹانک گارڈن کے خاص مجموعے سے لطف اندوز ہوں یا Steinhardt Conservatory میں متنوع مسکنوں کا دورہ کریں۔
- امریکہ کے سب بڑے شہری چڑیا گھر، برونکس زو (چڑیا گھر) میں پوری دنیا سے 600 سے زائد حیوانات کو قریب سے دیکھیں۔ انوکھے جانوروں، پرندوں، رینگنے والے جانوروں، کیڑے مکوڑے اور بہت کچھ کو دیکھیں۔

نیو یارک اکویریئم میں اپنے خاندان کے ساتھ بحری سائنس سے لطف اندوز ہوں اور رنگ برنگی مچھلیاں، جھومتے پین گوئن، وزنی والرس اور بھی بہت کچھ دیکھیں۔ نیا اوشن ونڈرز دیکھنا نہ بھولیں: شارکس! نمائش۔

اور یہ تو صرف آغاز ہے۔ آپ جہاں بھی جائیں، آپکے خاندان کو یقیناً میلے، پروگرام اُور خاص تقریبات ملیں گی اور بہت سی پُرتفریح چیزیں دیکھنے اورکرنے کے لیے۔

خاص پروگراموں اور تقریبات کے بارے میں معلومات کے لیے UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org پر جائیں اور "Plan Your Trip" پر کلک کریں۔

**ہم کتنی جگہوں پر جاسکتے ہیں؟**

اربن ایڈوانٹج کے طلبا کے لیے کسی بھی حصہ لینے والے میوزیم، زو، بوٹانیکل گارڈن اور اکویرئم میں مفت داخلے کے لیے دو (2) طالب علم +3 مفت داخلہ واؤچرکو ڈیجیٹلی طور پر دستیاب بنایا جائے گا۔ ہر واؤچر پر طالب علم اور تین تک مہمان داخل ہوسکتے ہیں۔ مہمانوں میں سے ایک کا بالغ ہونا لازمی ہے۔ آپ کے بچے کے سائنس کا استاد یا والدین ربط دہندہ آپ کی واؤچرز تک رسائی حاصل کرنے میں مدد کریں گے اور یہ آپ کی ایک دورے کی منصوبہ بندی کرنے میں مدد کریں گے۔

**اسکول کمیونٹی ٹرپ کیا ہے؟**

اربن ایڈوانٹج اسکول کسی ہفتہ اتوار کے دن یا اسکول کی چھٹی کے دن کسی ایک ادارے میں ایک فیملی فیلڈ ٹرپ کا اہتمام کر سکتے ہیں۔ مفت نقل و حمل اور مفت داخلہ فراہم کیا جاتا ہے۔ براہِ کرم نوٹ کریں ذاتی طور پر موجودگی میں اسکول کمیونٹی ٹرپ تعلیمی سال 2020-2021 کے دوران دستیاب نہیں ہوں گے، اور یہ آن لائن وضع میں منتقل کیے جائیں گے۔ براہِ مہربانی اپنے بچے کے سائنس کے استاد یا والدین ربط دہندہ سے مزید معلومات کے بارے میں پوچھیں۔

**کیا یہ ادارے میرے بچے کی سائنسی تحقیق میں مدد کرسکتے ہیں؟**

جی ہاں! طلبا UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org پر جاسکتے ہیں اور طلبا مدد ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science"عنوان پر کلک کریں

## میں ہمارے اربن ایڈوانٹج دوروں کی منصوبہ بندی کرنے کے بارے میں معلومات کس طرح تلاش کروں؟

**امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری**

**amnh.org**

**فون:** 212-769-5100

**اوقات:** روزانہ صبح 10:00 تا شام 5:30، تھیکنس گیونگ اور کرسمس کے دن بند۔
داخلے کی معلومات کے لیے ذیل پر جائیں
www.amnh.org/plan-your-visit .

**واؤچر کی معلومات:** واؤچر عام داخلے کے ساتھ ایک خاص نمائش کے لیے کارگر ہے۔ تمام دستیاب نمائشوں کو دیکھنے کے لیے
AMNH ویب سائٹ پر جائیں۔
ٹکٹ محفوظ کروانی مطلوب ہے۔

**طالبانہ مدد:** UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org پر جائیں اور طلبا کی مدد ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science"عنوان پر کلک کریں۔



## میں اپنے بچے کے لیے سائنس کی تعلیم میں کس طرح مدد کرسکتا ہوں؟

### گھر پر:

- سائنس کے لیے انکے فہم کو بڑھانے کے لیے اپنے بچوں کی مشاہدہ کرنے، سوالات پوچھنے اور تجربات کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ گھر سے باہر کھیل، پارک، میوزیم، زو اور اکویرئم، گارڈن اور نیچر سینٹرز اور اپنی برادری میں دیگر سائنسی مقامات کے دوروں کے ذریعے گھر پر اور پوری برادری میں سائنس کی آموزش کے متعدد مواقع فراہم کریں۔
- UA اداروں کا دورہ کرنے کا منصوبہ اپنے بچے کی دلچسپیوں، تجسس یا انکی سائنس تحقیق کے لیے اعداد وشمار یا معلومات جمع کرنے کی ضرورت کے مطابق بنائیں۔
- مطالعہ اور سائنسی تحقیق کے لیے اپنے بچے کو لائبریری لے کر جائیں۔ کتابیں، اخبارات اور رسالے جیسے Natioanl Wildlife یا Natural History معلومات کے اچھے وسیلے ہیں۔

### اپنے بچے کی تعلیم میں ایک حصہ دار بنیں:

- اپنے بچے اور ان کے استاد سے باقاعدہ رابطے میں رہیں۔
- اپنے بچے کے ساتھ ورچؤل ملاقات اور سرگرمیوں میں شرکت کریں۔
- آن لائن اسکول ٹاؤن ہال اور خاندانی سائنسی شبوں میں شرکت کریں۔ ریموٹ مشغولیت اور تقویت کے مواقع کے لیے اپنے بچے کے استد یا والدین ربط دہندہ سے معلوم کریں۔

### اربن ایڈوانٹج کس طرح مدد کرسکتا ہے؟

- طالب علم +3 واؤچر کو کسی بھی دو UA اداروں کے **مفت** دورے کے لیے استعمال کریں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو برائے مہربانی اپنے بچے کے سائنس کے استاد سے رابطہ کریں۔
- اپنے بچے کے سائنس استاد یا اسکول کے والدین رابطہ کار سے UA مفت ورچؤل دوروں کے بارے میں پوچھیں جن کی کفالت ہمارے شرکا میوزیم، زو، اکویرئم یا گارڈن کے ذریعے کی جاتی ہے۔ طویل مدتی سائنسی تحقیقات کے بارے میں مزید جاننے اور خاص تقریبات اور آٹھ اربن ایڈونٹج حصہ دار اداروں میں نمائشوں کی معلومات کے لیے UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org پر جائیں۔
- سائنس تحقیق میں انفرادی مدد بذریعہ ای میل دستیاب ہے۔ UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org پر جائیں اور طلبا کی مدد ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science"عنوان پر کلک کریں۔

## بروکلن بوٹانیک گارڈن

bbg.org

فون: 718-623-7200

اوقات: مارچ تا اکتوبر منگل تا اتوار صبح 10 تا شام 6

اپنے برمحل داخلے کو محفوظ کیسے کیا جائے کے بارے میں معلومات کے لیے https://www.bbg.org/visit ملاحظہ کریں۔

**واؤچر کی معلومات:** ہمارے پودوں کے مجموعے، موسمی شے سرخیوں، اور خاص پروگراموں اور نمائشوں، بشمول خزاں میں ہمارے چلی پیپر میلے اور بہار میں ساکورا متسوری، ہمارے چیری بلوسم میلے کے بارے میں معلومات کے لیے براہ مہربانی ہماری ویب سائٹ www.bbg.org پر جائیں۔

**طالبانہ مدد:** UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org پر جائیں اور طالبانہ مدد ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" عنوان پر کلک کریں۔



## برونکس زُو

bronxzoo.com

**فون:** 718-220-1500

**اوقات:** روزانہ صبح 10:00 تا شام 5:00

اپنے UA واؤچر کو استعمال کر کے برونکس زو کی محدود ٹکٹوں کو محفوظ کرنے کے لیے https://tickets.wcs.org/affiliate?vid=5&vs=1 پر جائیں۔ آپ کو ٹکٹوں کو محفوظ کرنے کے لیے آپ کے واؤچر نمبر اور اسکول کے نام کی ضرورت ہو گی ( اپنے طالبِ علم کے سائنس کے استاد یا والدین ربط دہندہ سے مدد کرنے کے لیے کہیں)۔
زو تھینکس گیونگ، کرسمس، نئے سال اور مارٹن لوتھر کنگ جونئر ڈے پر بند ہوگا۔

**واؤچر کی معلومات:** واؤچر ایک طالب علم اور 3 تک دیگر افراد کے لیے کارگر ہے، ساتھ ہی ذیل میں سے ایک کی ادا کردہ نمائشوں کے لیے: جنگل ورلڈ (تمام تر سال)، وائلڈ ایشیاء مونوریل (مارچ تا اکتوبر)، بٹرفلائی گارڈن (اپریل تا اکتوبر)، یا کونگو گوریلا فاریسٹ (اپریل تا دسمبر)۔ پارکنگ شامل نہیں۔

**طالبانہ مدد:** UA کی ویب سائٹ
www.urbanadvantagenyc.org پر جائیں اور
طلبا کی مدد ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science"عنوان پر کلک کریں۔






**نیویارک بوٹینیکل گارڈن nybg.org**

**فون:** 718-817-8700

**اوقات:** گارڈن صبح 10 تا شام 5 بجے تک، منگل تا اتوار، اور وفاق تعطیلات کے پیر کے دن (ان پیر کے ایام میں جن میں اسکول بند ہوں گے میموریل ڈے، کولمبس ڈے وغیرہ.). 2021 وفاق تعطیلات کو دیکھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

**واؤچر کی معلومات:** آپ داخلے / ٹکٹنگ پر واؤچر کو استعمال کر کے گارڈن کا دورہ کریں۔
جگہ محفوظ کرنا مطلوب نہیں ہے۔

**طالبانہ مدد:** UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org پر جائیں اور طالبانہ مدد ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" عنوان پر کلک کریں۔

**نیویارک اکویریم**

**nyaquarium.com**

**فون:** 718-265-FISH (3474)

**اوقات:** روزانہ صبح 10:00 بجے کھلتا ہے، بند ہونے کے اوقات موسم کے مطابق تبدیل ہوتے ہیں۔

**واؤچر کی معلومات:** اپنے UA واؤچر کو استعمال کر کے نیو یارک اکوئریم کی محدود ٹکٹوں کو محفوظ کرنے کے لیے https://tickets.wcs.org/affiliate?vid=5&vs=1 to reserve پر جائیں۔ آپ کو ٹکٹوں کو محفوظ کرنے کے لیے آپ کے واؤچر نمبر اور اسکول کے نام کی ضرورت ہو گی ( اپنے طالبِ علم کے سائنس کے استاد یا والدین ربط دہندہ سے مدد کرنے کے لیے کہیں)۔

**طالبانہ مدد** کے لیے UA ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org پر جائیں اور طالبانہ مدد ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" عنوان پر کلک کریں۔



**کوئنز بوٹینیکل گارڈن**

**queensbotanical.org**

**فون:** 718-886-3800

**اوقات: تازہ ترین معلومات کے لیے ذیل پر جائیں https://queensbotanical.org/hours_admission/.**

**واؤچر کی معلومات:** 1 اپریل سے 1 اکتوبر تک داخلے کے لیے واؤچرز لازمی ہیں اور انہیں مین اسٹریٹ یا پارکنگ گارڈن کے داخلی دروازے پر پیش کیا جانا چاہیئے۔ گارڈن میں داخلہ 1 نومبر سے 30 مارچ تک مفت ہے لیکن واؤچر کچھ خاص تقریبات کے لیے موثر ہیں۔ نیا! واؤچرز کے ساتھ ورچؤل یا ذاتی طور پر موجودگی میں تجربات دستیاب ہیں۔

**طالبانہ مدد:** UA ویب سائٹ پر جائیں www.urbanadvantagenyc.org اور ذیل پر کلک کریں

طلبا کی مدد ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" عنوان پر کلک کریں۔





**اسٹیٹن آئیلینڈ زُو**

**statenislandzoo.org**

**فون:** 718-442-3101

**اوقات:** روزانہ صبح 10:00 – 4:45 سہ پہر

فی الحال صرف بیرونی جگہیں کھلی ہیں۔

**واؤچر کی معلومات:** مقررہ وقت کے ساتھ ٹکٹوں کو ذیل پر محفوظ کریں: https://statenislandzoo.doubleknot.com/event/day/timed-ticketing/23842. اپنے واؤچر کو استعمال کرنے کے لیے چیک آؤٹ پر رعایت کے کوڈ UAS+3 داخل کریں۔ اپنے دورے کے دن آپ کو اپنے زُو کے واؤچر کو ساتھ لانے کی ضرورت ہو گی۔

جب آپ دورہ کریں تو کیا توقع کی جائے کے بارے معلومات کے لیے ذیل پر جائیں http://www.statenislandzoo.org/what-to-expect/

**طالبانہ مدد:** UA ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org پر جائیں اور طالبانہ مدد ای میل فارم کے لنک کے لیے "Science Investigation" عنوان پر کلک کریں۔.



**نیویارک ہال آف سائنس**

**nysci.org**

**فون:** 718-699-0005

**اوقات:** مزید اطلاع دینے تک بند ہو گا تازہ ترین معلومات کے لیے https://nysci.org/ ملاحظہ کریں۔

**واؤچر کی معلومات:** NYSCI دوبارہ کھولنے کی جانب کام کرتے ہوئے خاص نمائشوں کے بارے میں مزید معلومات کا اشتراک کرے گا۔ تازہ ترین معلومات کے لیے ان کی ویب سائٹ پر جائیں یا اپنے طالبِ علم کے UA سائنس کے استاد یا والدین ربط دہندہ سے جانچ کریں۔

**طالبانہ مدد:**

UA ویب سائٹ پر جائیں www.urbanadvantagenyc.org اور ذیل پر کلک کریں

طالبانہ مدد ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" عنوان پر کلک کریں۔

## Urban Advantage Partners

American Museum of Natural History

Bronx Zoo
A Wildlife Conservation Society Park

Brooklyn Botanic Garden

NY Aquarium
SUPPORT·REBUILD·TRANSFORM

NYBG

nysci
New York Hall of Science

Queens Botanical Garden
Where people, plants, and cultures meet

Staten Island Zoo

NYC Department of Education

NYC Office of the Mayor

The Council of the City of New York

اربن ایڈونٹج پروگرام کے لیے عوامی مدد اسپیکر اور کونسل برائے نیویارک شہر، اور نیویارک شہرمحکمئہ تعلیم کے ذریعے فراہم کی گئی ہے۔